**13.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

------------------------------

**Music**

☆ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے SpaDex مشن کا de-docking عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے، جو بھارت کی خلائی کھوج کے شعبے میں نمایاں سنگِ میل ہے۔

☆ امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج گجرات میں اپنے لوک سبھا حلقے گاندھی نگر میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا، جن کی مالیت 146 کروڑ روپے ہے۔

☆ آیوش محکمے کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے نئی دلّی میں یوگ مہوتسو 2025 کا افتتاح کیا۔

☆ ملک کے مختلف حصوں میں جوش و خروش کے ساتھ ہولی منانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آسام ، میگھالیہ اور اروناچل پردیش کے کچھ حصوں میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور WPL کرکٹ میں ، آج شام ممبئی میں Eliminator میچ میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ گجرات جائنٹس سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**AMIT SHAH- DEVELOPMENTAL PROJECTS**

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج گجرات میں اپنے لوک سبھا حلقے گاندھی نگر میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا، جن کی مالیت 146 کروڑ روپے ہے۔ اِن پروجیکٹوں کا تعلق ریلویز ، روڈ ویز اور حفظانِ صحت کے شعبوں سے ہے۔ جناب شاہ نے، خاص طور پر بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں ملک کی قابلِ قدر پیشرفت کو اجاگر کیا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت میں اب دنیا کا دوسرا سب سے بڑا روڈ نیٹ ورک اور تیسرا سب سے بڑا میٹرو نیٹ ورک ہے۔ جناب امت شاہ نے گجرات میں کایاپلٹ ترقی کی ستائش بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ریلویز ، سڑکوں اور توانائی کے شعبے سے وابستہ کئی پروجیکٹوں کے تعلق سے نمایاں پیشرفت ہوئی ہے اور اِن میں عوام پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اِس موقع پر جناب امت شاہ نے Sanand علاقے میں 500 بستروں والا ایک نیا اسپتال اور گاندھی نگر میں ایک نیا سول اسپتال قائم کرنے کے سرکار کے منصوبے کا اعلان کیا۔x

## YOGA MAHOTSAV

آیوش محکمے کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے گیارہویں بین الاقوامی یوگ دِوس کی اُلٹی گنتی کے 100 ویں دن آج نئی دلّی میں یوگا مہوتسو 2025 کا افتتاح کیا۔ بین الاقوامی یوگ دِوس، دنیا بھر میں 21 جون کو منایا جائے گا۔ وزیر موصوف نے اعلان کیا کہ 100 دن کے اندر اندر ملک کے مختلف حصوں میں 10 اہم پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِن پروگراموں کے تحت 10 ساجھیدار ملکوں کے ساتھ یوگ تبادلے کا ایک پروگرام ''یوگ بندھن'' بھی منعقد کیا جائے گا۔ جناب پرتاپ راؤ جادھو نے بتایا کہ ملک میں 10 ہزار مقامات پر یوگ سَنگم پروگرام کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ یوگ اور عالمی سطح پر اِس کے اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ آج دنیا میں 30 کروڑ افراد یوگ آسن کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یوگ سے لوگوں کو کافی فائدہ ہوا ہے۔ x

## DELHI-HOLI

رنگوں کے تہوار ہولی کا جشن آج سے شروع ہوگیا ہے۔ دلّی میں لوگوں میں اس تہوار کو منانے کیلئے بہت جوش وخروش ہے۔ شہر کے لوگ، ہولی کی تقریبات کو، پہلے سے بھی زیادہ بڑے پیانے پر منانے کی غرض سے ہولی سے متعلق سازوسامان فروخت کرنے والی دکانوں سے زبردست خریداری کررہے ہیں۔ سڑکوں اور گلیوں میں پچکاریاں، مختلف اقسام کے رنگ، ہربل گلال اور دیگر متعلقہ اشیاء فروخت کرنے والے عارضی اسٹالس لگائے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ہوٹلوں اور ریستوراں میں بھی مخصوص مینو تیار کئے گئے ہیں۔ آج شام برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہولیکادہن منایا جائے گا۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے، نئی دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے جلدی امراض کے محکمے کے سربراہ ڈاکٹر کوشل ورما نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ ہولی منانے کے دوران، قدرتی رنگوں کا استعمال کریں اور سینتھیٹک رنگوں سے گریز کریں۔ اسی دوران، پورے شہر میں مختلف مقامات پر سکیورٹی سخت کردی گئی ہے۔ دلّی پولیس نے اس تہوار کے پیش نظر، قومی راجدھانی میں سبھی مقامات پر سینکڑوں اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔x

## NORTHERN RAILWAY TRAINS

شمالی ریلوے ہولی کے موقع پر مسافروں کی سہولت کیلئے 400 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔ دلّی قومی راجدھانی خطے میں مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کی سہولت کیلئے جامع انتظامات کئے گئے ہیں۔ شمالی ریلوے کے ترجمان ہمانشو شیکھر اُپادھیائے نے بتایا کہ نئی دلّی ، آنند وِہار اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر Mini کنٹرول روم اور لوگوں کے انتظار کرنے کے مخصوص مقامات کا بندوبست کیا گیا ہے۔

## SPACEX MISSION

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے SpaDex مشن کا de-Docking یعنی دو سیٹلائٹس کو علیحدہ کرنے کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے، جو بھارت کی خلائی کھوج کے شعبے میں نمایاں سنگِ میل ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے SpaDex مشن کے تحت سیٹلائٹ کو کامیابی کے ساتھ الگ کرنے کا مظاہرہ کرنے پر ISRO کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر موصوف نے کہا کہ اس سے Bhartiya Antriksh Station ، چندریان - چار اور گگن یان سمیت آئندہ کے بڑے مشن خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دینے کی راہ ہموار ہوگی۔ x

## PUTIN-KURSK VISIT

روس کے صدر ولادیمیر پوتن کل ملک کے مغربی خطے Kursk کے دورے پر اچانک پہنچے۔ خطے میں اِس علاقے پر یوکرین کی فورسز کے قبضے کے بعد سے یہ اُن کا پہلا دورہ ہے۔ اِس موقع پر صدر پوتن ایک کنٹرول سینٹر میں گئے، جسے روس کی فورسز استعمال کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے روس کے جنرل اسٹاف کے سربراہ Valery Gerasimov سے رپورٹ بھی حاصل کی۔ جناب پوتن نے روس کی فورسز کو یہ ہدایت دی کہ وہ جتنا جلد ہوسکے ، بقیہ علاقے کو بھی یوکرین کے کنٹرول سے چھڑانے کیلئے اپنی پیش قدمی تیز کریں۔ x

## SOUTH AFRICA-G-20 TIGW

جنوبی افریقہ، جی-ٹوینٹی کی اپنی صدارت کے تحت، جی-ٹوینٹی کے تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق ورکنگ گروپ-TIGW کی پہلی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ یہ میٹنگ ورچوئل طور پر 18 تا 20 مارچ منعقد کی جائے گی۔ TIGW میٹنگ میں جی-ٹوینٹی ملکوں کے سرکردہ عہدیداروں کے ساتھ ساتھ یوروپی یونین اور افریقی یونین کے سینئر افسران ایک جگہ یکجا ہوں گے۔ تجارت، صنعت اور مقابلہ آرائی کے محکمے کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل، ایمبسڈر Xolelwa- Mlumbi- Peter نے کہا کہ یہ TIGW کی چار مجوزہ میٹنگوں میں سے پہلی میٹنگ ہوگی، جو اکتوبر میں جنوبی افریقہ کی میزبانی میں ہونے والی

جی-ٹوینٹی کے تجارت کے وزراء کی میٹنگ کے موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔

انہوں نے مزید کہا کہ پہلے اجلاس میں ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن، یونائیٹڈ نیشنز ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ، اقتصادی تعاون اور ترقی کی تنظیم اور افریقی خطے کی برادریوں جیسی بین الاقوامی تنظیمیں بھی شرکت کریں گی۔ جنوبی افریقہ نے دسمبر **2024** میں باضابطہ طور پر سال **2025** کیلئے جی-ٹوینٹی کی صدارت سنبھالی تھی۔ اس سال کا موضوع ہے : 'استحکام، مساوات اور پائیدار نظام'۔ x

## UAE-MATERNITY CENTRES

متحدہ عرب امارت نے افغانستان کے مختلف حصوں میں جدید طرز کے زچہ بچہ حفظانِ صحت مراکز قائم کرنے کیلئے ایک بڑے پروجیکٹ کا اعلان کیا ہے۔ اِس کا مقصد افغانستان میں استحکام ، ترقی اور خوشحالی کو فروغ دیتے ہوئے، حفظانِ صحت کی اہم ضروریات پوری کرنے میں معاونت کرنا ہے۔ اِس طرح کے **10** مراکز قائم کئے جائیں گے۔**Maternity Cilinics** افغانستان کے اُن صوبوں میں واقع ہیں، جہاں اِن کی سب سے زیادہ ضرورت محسوس کی گئی ہے۔ اِن میں ننگر ہار ، بلخ، ہیرات ، غزنی ، پکتیکا ، پکتیا ، قندھار اور ہیلمند صوبے شامل ہیں۔

اِس طرح کے ہر سینٹر میں مخصوص نوعیت کے دو بستروں کی سہولت دستیاب ہے اور وہاں کام کرنے والے ماہر ڈاکٹر اور نرسنگ عملہ تیار رہتا ہے۔ ایسا تخمینہ لگایا گیا ہے کہ مذکورہ خدمات سے ایک لاکھ **15** ہزار سے زیادہ خواتین کو براہ راست فائدہ ہوگا اور اِس کے علاوہ سینکڑوں رشتہ دار اور دیگر لوگ بھی فیضیاب ہوسکیں گے۔ **x**

## UN-80 INITIATIVE

اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے **80** سال سے قائم عالمی ادارے کی صلاحیت کو بہتر بنانے اور اِسے اور زیادہ کم خرچ بنانے کے مقصد سے ایک نئی پہل کا اعلان کیا ہے۔ نیویارک میں مذکورہ پہل کا اعلان کرتے ہوئے، جناب گتریس نے کہا کہ دنیا کو آج ہر محاذ پر چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے غیریقینی کے حالات کے تناظر میں کم ہوتے ہوئے وسائل اور رقم کی دستیابی کے بحران پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ مذکورہ پہل کے تحت ممبر ملکوں کی جانب سے اقوامِ متحدہ کو دیئے گئے مختلف اختیارات پر عمل درآمد کا جائزہ بھی لیا جائے گا، جن میں حالیہ برسوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ **x**

## ATTUKAL PONGALA

کیرالہ کی راجدھانی تھرو اننتھا پورم میں آج **Attukal Pongala** کیلئے آج کثیر تعداد میں خواتین جمع ہو رہی ہیں، جو دنیا میں خواتین کے بڑے جلسوں میں سے ایک ہے۔ سال **2009** میں کسی ایک دن میں سا گم کیلئے خواتین کے ایک جگہ جمع ہونے پر گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں ، خواتین کے جمع ہونے کی اِس رسم نے اپنا نام درج کرایا تھا۔ اُس وقت **25**

لاکھ سے زیادہ خواتین، Attukal Pongala کیلئے جمع ہوئی تھیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے اروناچل پردیش ، آسام اور میگھالیہ کے کچھ حصوں میں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ، وِدربھ ، اڈیشہ اور گجرات میں آج کہیں کہیں شدید گرمی کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ اِدھر ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال کے کچھ حصوں ، سکم ، جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب ، ہریانہ ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ x

**WPL-CRICKET**

خواتین کی پریمیر لیگ کرکٹ، WPL میں، آج ممبئی انڈینس Eliminator میچ میں گجرات جائنٹس کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ، ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ ڈہلی کیپیٹلز، دس پوائنٹس کے ساتھ پہلے ہی ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ چکی ہے۔ وہیں ممبئی دوسرے اور گجرات تیسرے مقام پر ہے، جس کے بعد آج ہو رہے میچ سے فائنل میں جانے والی ٹیم کا تعین ہوگا۔ ممبئی انڈینس کو اپنے گھریلو میدان پر کھیلنے کا فائدہ مل سکتا ہے، جہاں اُس نے حال ہی میں گجرات جائنٹس پر 9 رن سے جیت درج کی تھی۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چیمپئن شپ میں آج کئی بھارتی کھلاڑی پری کوارٹر فائنل مقابلوں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ مردوں کے سنگلز زمرے میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ تیسری درجہ بندی کے حامل انڈونیشیا کے جوناتھن کرسٹی سے ہوگا۔ خواتین کے سنگلز میں عالمی نمبر 28 بھارت کی مالویکا بنسوڑ کا سامنا تیسری درجے کی جاپان کی Akane Yamaguchi سے ہوگا۔ مردوں کے ڈبلز زمرے میں بھارت کے سَتوِک سائیراج رَنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کا مقابلہ آج Xie Hao Nan اور Zeng Wei Han کی جوڑی سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز زمرے میں Treesa Jolly اور گائتری گوپی چند پر مشتمل بھارتی جوڑی کا مقابلہ آٹھویں درجے کی جنوبی کوریا کی Kim Hye Jeong اور Kong Hee Yong کی جوڑی سے ہوگا۔اِدھر مکسڈ ڈبلز میں بھارت کے روہن کپور اور Ruthvika Gadde کی جوڑی کا سامنا چین کی جوڑی سے ہوگا۔ دیگر میچوں میں PV سندھو اور HS پرونائے، ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں ہی باہر ہو گئے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆